**AQF / Shabbir**

**04-10-2023**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(**Music**)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں محمد عمار

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

-------------------------------------------------------------

☆ مرکز نے نیشنل لبریشن فرنٹ آف تریپورہ، آل تریپورہ ٹائیگر فورس اور ان کے ذیلی گروپوں کو غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام سے متعلق قانون کے تحت غیر قانونی تنظیمیں قرار دیا ہے۔

☆ آسام حکومت نے پانچ مقامی مسلم برادریوں کے سماجی، اقتصادی جائزے کیلئے عمل شروع کردیا ہے۔

☆ ہاؤسنگ اور شہری امور کی وزارت نے کہا ہے کہ وزیراعظم کی ریڑی پٹری والوں سے متعلق آتم نر بھر ندھی اسکیم نے **50** لاکھ ریڑی پٹری والوں کا احاطہ کر کے ایک زبردست سنگ میل حاصل کیا ہے۔

☆ امریکی ایوان نمائندگان کے اسپیکر **Kevin McCarthy** کو عہدے سے برطرف کردیا گیا ہے۔

☆ اور : **Hangzhou** ایشیائی کھیلوں میں بھارت نے اب تک **70** میڈل حاصل کئے ہیں۔ **Lovlina Borgohain** اور نیرج چوپڑہ آج سونے کے تمغے کیلئے کھیلیں گے۔

(**Music**)

اب خبریں تفصیل سے۔

**HOME MINISTRY NLFT ATTF**

مرکزی حکومت نے غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام ایکٹ کے تحت نیشنل لبریشن فرنٹ آف تریپورہ **NLFT**، آل تریپورہ ٹائیگر فورس **ATTF** اور اس کی ذیلی تنظیموں کو غیر قانونی قرار دیا ہے۔ وزارت داخلہ نے پانچ برس کے لیے اِن تنظیموں پر پابندی عائد کردی ہے۔ کل ایک نوٹیفکیشن میں وزارت داخلہ نے کہا کہ حکومت کا خیال ہے کہ **NLFT** اور **ATTF** کی سرگرمیاں ملک کی خودمختاری اور سالمیت کے لیے نقصان دہ ہیں اور یہ تنظیمیں غیر قانونی ہیں۔ یہ تنظیمیں تخریبی اور پُر تشدد سرگرمیوں میں ملوث ہیں، حکومت کے اختیارات کو چیلنج کر رہی ہیں اور اپنے مذموم مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے لوگوں کے درمیان دہشت گردی اور تشدد کو پھیلا رہی ہیں۔

وزارت نے مزید کہا کہ اگر ان تنظیموں پر فوری طور پر کارروائی نہیں کی گئی اور انھیں کنٹرول نہیں کیا گیا تو وہ اپنے کیڈر کو علیحدگی پسندی، تخریبی اور پُر تشدد سرگرمیوں کو بڑھانے کے لیے استعمال کریں گی۔ وزارت نے مزید کہا کہ یہ تنظیمیں بھارت کی خود مختاری اور سلمیت کے خلاف دشمن قوتوں کے ساتھ مل کر ملک مخالف سرگرمیاں انجام دے سکتی ہیں۔x

**ASSAM GOVERNEMENT**

آسام سرکار نے گوریا، موریا، دیشی، سید اور Julha پر مشتمل پانچ مقامی مسلم برادریوں کے سماجی اور اقتصادی جائزے کا عمل شروع کرنے کو اصولی طور پر اپنی منظوری دے دی ہے۔ یہ فیصلہ گوہاٹی میں وزیراعلیٰ ہیمنت بسو سرما کی صدارت میں منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران لیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ وہ ضروری اقدامات کریں تاکہ آئندہ کے سماجی اور اقتصادی جائزے کو یقینی بنایا جا سکے۔ جناب سرما نے کہا کہ اِس جائزے کی تکمیل کے بعد اعداد و شمار کا استعمال آسام سرکار پانچ مقامی مسلم برادریوں کی سماجی، سیاسی، تعلیمی اور اقتصادی ترقی کے لیے جامع اقدامات کرنے کے لیے کرے گی۔ریاستی کابینہ نے ان پانچ مسلم برادریوں کی مقامی حیثیت کو منظوری پہلے ہی دے چکی ہے۔

وزیرِ اعلیٰ کے دفتر نے ایک بیان میں کہا ہے کہ جناب سرما نے پچھلے سال مقامی مسلم برادریوں کے دانشور افراد اور سرکردہ شہریوں کے ساتھ ایک مکالماتی سیشن میں شرکت کی تھی۔ اس کے بعد مسلم برادریوں سے متعلق مختلف امور پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے مقامی مسلم برادریوں کے نمائندوں کے ساتھ کئی ذیلی کمیٹیاں تشکیل دی گئیں۔x

**BIHAR ALL PARTY**

بہار میں وزیراعلیٰ نتیش کمار نے ریاست میں ذات پر مبنی جائزے کی رپورٹ کے سلسلے میں پٹنہ میں سبھی پارٹیوں کی ایک میٹنگ منعقد کی۔ میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جائزے میں سوسائٹی کے سبھی طبقات کی اقتصادی اور تعلیمی درجے کا خیال رکھا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ جائزے کا اصل مقصد غریب طبقے اور سوسائٹی کے محروم طبقوں کو اوپر لانا ہے۔ جناب کمار نے کہا کہ یہ جائزہ پالیسی سازی اور سماجی بہبود کی اسکیمیں تیار کرنے میں اچھی معلومات فراہم کرے گا۔ اس میٹنگ میں BJP، JDU، RJD، HAM، AIMIM، بائیں بازو کی دیگر پارٹیوں اور دیگر نے شرکت کی۔x

**PM-TELANGANA**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کل شام تلنگانہ کے شہر نظام آباد میں 8 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور ملک کے نام وقف کیا۔ وزیر اعظم نے متعدد ریل پروجیکٹوں کو بھی ملک کے نام وقف کیا، جن میں منوہرآباد اور سِدّی پیٹ کو جوڑنے والی نئی ریل لائن، اور دھرما آباد- منوہرآباد نیز محبوب نگر- کرنول کے درمیان بجلی کاری کا

پروجیکٹ بھی شامل ہے۔ انہوں نے Peddapalli ضلعے میں NTPC کے تلنگانہ سُپر تھرمل پاور پروجیکٹ کے پہلے مرحلے کے، 800 میگاواٹ والی پہلی یونٹ کو بھی ملک کے نام وقف کیا۔ اِس بجلی پلانٹ سے تیار کی جانے والی 85 فیصد بجلی کو خود ریاست میں استعمال کیا جائے گا اور اِس سے شمال-جنوب گرڈ کنیکٹی وٹی میں بھی بہتری آئے گی۔

اس موقع پر ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ ملک اور کسی بھی ریاست کی ترقی کا انحصار، بجلی کی پیداوار کے سلسلے میں اُس کی اپنی خود کفالت پر ہے۔ 2100 PM -Ease of Doing Business

وزیر اعظم نے اِس موقع پر، 20 ضلع صدر دفاتر میں، پردھان منتری آیوشمان بھارت، صحت بنیادی ڈھانچہ مشن کے تحت، 50 بستروں پر مشتمل انتہائی نگہداشت والے بلاکوں کا سنگ بنیاد بھی رکھا۔ اِس سے پہلے دن میں وزیراعظم مودی نے چھتیس گڑھ میں قبائلی بستر ڈویژن کے ڈویژنل ہیڈ کوارٹرس جگدلپور میں ستائیس ہزار کروڑ روپے کی مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھا اور ملک کے نام وقف کیا۔ اِس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ ایک ترقی یافتہ بھارت کا خواب اسی وقت پورا ہو سکے گا جب ہر ریاست، ہر ضلع اور ہر گاؤں ترقی یافتہ ہو۔ x

## HYDERABA-ECI

انتخابی کمیشن کی مکمل ٹیم نے تلنگانہ میں چناؤ کی تیاریوں کا جائزہ لینا شروع کردیا ہے۔ اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار کی سربراہی میں ایک اعلیٰ سطحی ٹیم نے کل شام حیدرآباد میں قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کے ساتھ ایک اہم میٹنگ منعقد کی۔ اس میٹنگ میں پولیس اور مالیئے کے محکموں سمیت 20 سے زیادہ ایجنسیوں نے چناؤ سے متعلق تیاریوں کے بارے میں کمیشن کے سامنے پریزنٹیشن دیں۔ کمیشن نے تقریباً 10 قومی اور ریاستی سیاسی پارٹیوں کے ساتھ بھی میٹنگیں کیں۔ کمیشن نے انتخابات منعقد کرانے سے متعلق پارٹیوں کی رائے اور تجاویز حاصل کیں۔ سیاسی پارٹیوں کے وفود نے بعد میں میڈیا کو بتایا کہ انہوں نے دیگر باتوں کے ساتھ ساتھ صاف ستھری ووٹر فہرستوں، چناؤ اخراجات سے متعلق اپنی تشویش کے معاملات اٹھائے۔

اعلیٰ انتخابی کمشنر بنیادی سطح پر چناؤ تیاریوں کا جائزہ لیں گے اور تلنگانہ میں سبھی 33 اضلاع کے، ضلع انتخابی افسروں، پولیس کے سپرنٹنڈنٹ اور ساتھ ہی ساتھ پولیس کمشنروں کے ساتھ ہی آج صبح ایک میٹنگ منعقد کریں گے۔×

## ADD-TELANGANA ECI

اس دوران اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار نے آج صبح حیدرآباد میں Durham Cheruvu میں ووٹر سے متعلق بیداری کے پروگراموں کے حصے کے طور پر سائیکلوتھان اور Walkathon کو روانہ کیا۔×

**LAHDC ELECTIONS**

لداخ میں آج کرگل کی پانچویں لداخ آٹونومس ہل ڈیولپمنٹ کونسل کیلئے انتخابات کا عمل جاری ہے۔ 26 حلقوں کیلئے 87 امیدوار اپنی قسمت آزمارہے ہیں۔ پولنگ 278 پولنگ اسٹیشنوں پر منعقد کی جارہی ہے اور چار چناوی افسران کے ذریعہ ہر پولنگ اسٹیشن کی نگرانی کا کام انجام دیا جارہا ہے۔ ایسا پہلی مرتبہ ہے کہ LAHDC کیلئے انتخابات الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کے ذریعہ منعقد کئے جارہے ہیں۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**PM- SVANIDHI**

پرائم منسٹر اسٹریٹ وینڈرس آتم نربھر ندھی، پی ایم سواندھی اسکیم نے ملک بھر کے پچاس لاکھ سے زیادہ ریڑھی پٹری والوں کو تعاون فراہم کرکے ایک اہم سنگِ میل حاصل کیا ہے۔ ہاؤسنگ اور شہری امور کی وزارت کے زیرِ اہتمام ایک پہل کے طور پر یہ اسکیم ریڑھی پٹری والوں کو باضابطہ طور پر اقتصادی دائرے میں لانے کیلئے بیحد اہم رہی ہے۔

اس اسکیم کی رسائی کو وسعت دینے کے وزیراعظم نریندر مودی کے نظریے نے اس کی توسیع کے لیے ٹھوس کوششیں کی ہیں۔ اس سال یکم جولائی سے ہاؤسنگ اور شہری امور کی وزارت کے ذریعے ایک مہم کا آغاز کیا گیا جس میں اسکیم کے تحت حاصل کیے جانے والے اہداف پر نظرِ ثانی کی گئی۔

اِس دوران کئی اعلیٰ سطحی جائزے کا انعقاد کیا گیا اور اسکیم کی نگرانی کی گئی۔ اس اجتماعی کوشش کے نتیجے میں پچاس لاکھ سے زیادہ ریڑھی پٹری والوں کو آٹھ ہزار چھ سو کروڑ روپے سے زیادہ کے تقریباً 66 لاکھ قرضے دیے گئے۔ پچھلے تین مہینے کے دوران ریاستوں نے 12 لاکھ سے زیادہ نئے ریڑھی پٹری والوں کو کامیابی کے ساتھ شامل کیا ہے۔ یکم جون 2020 کو شروع کی گئی پی ایم سواندھی اسکیم شہری ریڑھی پٹری والوں کے لیے بہت چھوٹی قرض اسکیم ہے جس کا مقصد ریڑھی پٹری والوں کو پچاس ہزار روپے تک کے بغیر ضمانت کے قرض فراہم کرنا ہے۔ x

**MAHA-CM NANDED**

مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ ایکناتھ شنڈے نے مہاراشٹر کے Nanded کے سرکاری اسپتال میں پچھلے تین روز میں پیش آئے واقعہ کو سنجیدگی سے لیا ہے۔ انہوں نے اس بات کی یقین دہانی کی ہے کہ واقعہ کی تحقیقات کے بعد قصوروار افراد کے خلاف

کارروائی کی جائے گی۔ کل منترالیہ میں منعقد کابینہ میٹنگ کے بعد صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے جناب شنڈے نے کہا کہ یہ واقعہ سنجیدہ ہے اور تحقیقاتی ٹیم اور سرکاری حکومت کے عملے کو **Nanded** بھیج دیا گیا ہے اور اس سلسلے میں مزید کارروائی کی جائے گی۔×

**PUNJAB DRUG FREE**

پنجاب میں منشیات کی لعنت پر قابو پانے کی کوششوں کو لوگوں کی مدد کے ساتھ تیز کردیا گیا ہے۔ اس کے نتیجے میں پٹھانکوٹ ضلع میں **Dhar** پولیس اسٹیشن کو ضلع پولیس کے ذریعہ منشیات سے پاک قرار دیا گیا ہے۔

اس سلسلے میں مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Shishu Sharma Shantal**

*پٹھانکوٹ ضلع میں دھار پولیس اسٹیشن کے تحت مجموعی طور پر کل 45 گاؤں پنچایت ہیں۔ ان تمام پنچایتوں نے پولیس کو تحریری طور پر بتایا ہے کہ اُن کے گاؤں اب منشیات سے پاک ہوگئے ہیں۔ اس بنیاد پر دھار پولیس اسٹیشن کے تحت آنے والے سبھی گاؤں کو منشیات سے پاک قرار دیا گیا ہے اور اس طرح کا سنگ میل حاصل کرنے والا پنجاب میں یہ پہلا پولیس اسٹیشن بن گیا ہے۔ ضلع کے ایس ایس پی **Harkamal** پریت سنگھ نے منشیات کی لعنت کو ختم کیے جانے کے تناظر میں اسے ایک بڑی کامیابی قرار دیا۔ انہوں نے دھار کے ان سبھی باشندوں کا شکریہ ادا کیا، جن کے تعاون سے یہ غیر معمولی حصولیابی حقیقت بنی۔ انہوں نے اس بات کا بھی اعتراف کیا کہ یہ مشن بہت مشکل تھا، لیکن پولیس نے عوام کی مضبوط قوت ارادی کی وجہ سے اپنے مقصد کو حاصل کرلیا ہے۔*

*جالندھر سے شیشو شرما شانتل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**KERALA RAIN**

کیرالہ کے شمالی حصوں میں بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ تروانت پورم میں بڑے پیمانے پر نقصان کی خبریں ملی ہیں۔ کیرالہ کے لکشدیپ ساحل میں مچھلی پکڑنے پر پابندی عائد ہے۔

ایک رپورٹ۔ **V-C Mayusha**

*ریاست میں بڑے پیمانے پر زرعی نقصانات کی خبریں ملی ہیں۔ خطوں کے نچلی علاقوں میں پانی بھر گیا ہے۔ **Neyyar** میں پانی کی سطح میں اضافہ ہوگیا ہے۔ مسلسل بارش کے سبب آج تروانت پورم میں سبھی تعلیمی اداروں کیلیے چھٹی کا اعلان کردیا گیا ہے۔ تروانت پورم میں آج اور کل منعقد ہونے والے **PSC** امتحانات کو بھی ملتوی کردیا گیا ہے۔ **Kottayam** ضلع میں بھی اسکولوں میں*

چھٹی کا اعلان کردیا گیا ہے۔ یہ ضلع سیلاب سے متاثر ہے اور یہاں امدادی کیمپ چلائے جارہے ہیں۔
محکمہ موسمیات نے آج کیرالہ کے ساحل میں شدید لہروں اور طوفان کی بھی پیشگوئی کی ہے۔
ترواننت پورم سے میوشا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ......

**IMD RAINFALL**

بھارتی موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ بہار، جھارکھنڈ، مغربی بنگال، سکم اور شمالی اڈیشہ میں اگلے دو روز کے دوران کہیں تیز اور کہیں بہت تیز بارش کا سلسلہ جاری رہنے کا امکان ہے۔ موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ ملک کے شمال مشرقی حصے میں بھی اگلے تین دن کے دوران کہیں شدید اور کہیں بہت شدید بارش ہوسکتی ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ جنوب مغربی مانسون اتراکھنڈ، مغربی اترپردیش، مغربی مدھیہ پردیش، راجستھان کے باقی ماندہ حصوں اور گجرات کے کچھ حصوں میں مانسون کا سلسلہ ختم ہوگیا ہے۔×

**US REPUBLICAN**

ایک غیر معمولی واقعے میں امریکی ایوانِ نمائندگان کے اسپیکر **Kevin MaCarthy** کو ان کے عہدے سے برطرف کردیا گیا ہے۔ تاریخ میں پہلی مرتبہ **210** ووٹوں کے مقابلے **216** ووٹوں سے ایوان نے اپنے لیڈر کو برطرف کردیا۔ **208** ڈیموکریٹکس ارکان کے ہمراہ آٹھ رپبلیکنس ارکان نے بھی **MaCarthy** کو ہٹانے کے لیے ووٹ دیے۔ ان کو برطرف کرنے کی قیادت فلوریڈا سے رپبلیکن کے نمائندے **Matt Gaetz** نے کی۔ x

**ASIAN GAMES**

چین کے **Hangzhou** میں جاری ایشیائی کھیلوں میں بھارت کا تمغے جیتنے کا سلسلہ جاری ہے۔ کل بھارت نے سونے کے دو، چاندی کے دو اور کانسے کے پانچ تمغے جیتے۔ اِس طرح بھارت اب تک مجموعی طور پر **70** تمغے جیت چکا ہے۔ اِن میں سونے کے **15**، چاندی کے **26** اور کانسے کے **29** تمغے شامل ہیں۔ بھارت فی الحال چوتھے مقام پر ہے۔

**Athletics** میں خواتین کے نیزہ پھینکنے کے مقابلے میں بھارت کی **Annu Rani** نے سونے کا تمغہ جیتا، جبکہ خواتین کی پانچ ہزار میٹر کی دوڑ میں بھارت کی **Parul** چودھری نے سونے کا تمغہ جیتا۔ اس کے بعد مردوں کے **Decathlon** مقابلے میں تیجسون شنکر نے چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ مردوں کی **800** میٹر کی دوڑ میں محمد **Afsal** نے بھارت کیلئے چاندی کا تمغہ جیت کر ملک کا نام روشن کیا۔ مردوں کی **Triple Jump** میں بھارت کے پروین **Chithravel** کو کانسے کا تمغہ ملا۔ اس کے علاوہ خواتین کی **400** میٹر کی رُکاوٹ دوڑ میں وِدّیا رام راج نے کانسے کا تمغہ جیت کر ملک کا نام روشن کیا۔

اِدھر خواتین کے 54 کلو گرام کے باکسنگ سیمی فائنل میں پریتی پوار نے کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔ مردوں کے Canoe ڈبل ایک ہزار میٹر کے مقابلے میں بھارت کے ارجن سنگھ اور سنیل سنگھ Salam کو کانسے کا تمغہ ملا۔ مردوں کے 92 کلو گرام سے زیادہ کے زمرے کے باکسنگ سیمی فائنل میں ہارنے کے بعد نریندر Berwal کو کانسے کا تمغہ ملا۔

آج بھارت کے لیے نیرج چوپڑا مردوں کے نیزہ پھینکنے کے مقابلے میں حصہ لیں گے اور اپنے تاج کی دفاع کرنے کی کوشش کریں گے۔ اولمپک میں تمغہ جیتنے والی Lovlina Borgohain بھی آج خواتین کے 75 کلوگرام زمرے میں چین کی کھلاڑی Li Qian کے ساتھ سونے کا تمغہ حاصل کرنے کے لیے کھیلیں گی۔ آج ایتھیلٹکس کے دیگر مقابلوں میں بھارت کے مردوں اور خواتین کی چار ضرب چار سو میٹر کی رِلے ٹیمیں بھی حصہ لیں گی۔ Avinash Sable بھی پانچ ہزار میٹر کی دوڑ میں حصہ لیں گے۔ بھارت کی مردوں کی ہاکی ٹیم جنوبی کوریا کے خلاف سیمی فائنل مقابلہ کھیلے گی۔ تیر اندازی، بیڈمنٹن، باکسنگ، برج، شطرنج، غوطہ زنی، ہاکی اور گھڑ سواری کے مقابلوں میں بھارت آج تمغے جیتنے کی کوشش کرے گا۔

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......کلیم احمد

شکریہ - محمد عمار

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے چھتیس گڑھ اور تلنگانہ میں وزیراعظم کے ذریعہ وقف کئے گئے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں سے متعلق خبروں کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا کی سرخی ہے: چھتیس گڑھ میں 27 ہزار کروڑ روپے کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد۔ تلنگانہ میں مختلف ترقیاتی پروجیکٹ قوم کے نام وقف۔ مہنگائی پر قابو پانے کیلئے بھارت کے مالیاتی انتظام اور پالیسیوں کی ستائش کئے جانے سے متعلق روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی سرخی ہے: عالمی بینک نے بھارت کے مالیاتی نظام کی تعریف کی۔ اقتصادی ترقی اس سال 6 اعشاریہ تین فیصد رہنے کا اندازہ۔

روزنامہ ملاپ نے جموں وکشمیر کے گورنر منوج سنہا کے بیان کو فوقیت دیتے ہوئے لکھا ہے کہ ناری شکتی کو بااختیار بنانا جموں وکشمیر انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ دلّی-این سی آر سمیت شمالی بھارت میں آئے زلزلے کی خبر کو بھی تقریباً سبھی اخباروں نے پیش کیا ہے، روزنامہ انقلاب نے لکھا ہے: شمالی ہند میں زلزلے کے شدید جھٹکے محسوس کئے گئے۔ اسی اخبار کے کھیل کے صفحہ کی سرخی ہے: ہندوستانی بیٹیوں کی ایشین گیمز میں قابل رشک کارکردگی۔ جیولن تھرو میں انورانی نے طلائی تمغہ جیت کر رقم کی تاریخ۔ پارول نے سونے کا تمغہ، تیجسون نے چاندی اور پریتی نے کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

☆ مرکز نے نیشنل لبریشن فرنٹ آف تریپورہ، آل تریپورہ ٹائیگر فورس اور ان کے ذیلی گروپوں کو غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام سے متعلق قانون کے تحت غیر قانونی تنظیمیں قرار دیا ہے۔

☆ آسام حکومت نے پانچ مقامی مسلم برادریوں کے سماجی، اقتصادی جائزے کیلئے عمل شروع کردیا ہے۔

☆ ہاؤسنگ اور شہری امور کی وزارت نے کہا ہے کہ وزیراعظم کی ریڑی پٹری والوں سے متعلق آتم نربھر ندھی اسکیم نے 50 لاکھ ریڑی پٹری والوں کا احاطہ کر کے ایک زبردست سنگ میل حاصل کیا ہے۔

☆ امریکی ایوان نمائندگان کے اسپیکر **Kevin McCarthy** کو عہدے سے برطرف کردیا گیا ہے۔

☆ اور : **Hangzhou** ایشیائی کھیلوں میں بھارت نے اب تک **70** میڈل حاصل کئے ہیں۔ **Lovlina Borgohain** اور نیرج چوپڑہ آج سونے کے تمغے کیلئے کھیلیں گے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------